فوری ریلیز کے لیے: 15/9/2022 ***گورنر KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے طلباء کی قرض معافی تک سرکاری ملازمین کی رسائی کو توسیع دینے کے لیے قانون سازی پر دستخط کیے ہیں

قانون سازی (S.8389-C/A.9523-B)، کلیدی شرائط کی وضاحت کرتے ہوئے، آجروں کو ملازمت کی تصدیق کی اجازت دیتے ہوئے وفاقی عوامی خدمت قرضہ معافی پروگرام تک رسائی میں حائل رکاوٹوں کو دور کرتی ہے

وفاقی محدود وقت کے عوامی خدمت کی قرض معافی کی رعایت سے فائدہ اٹھانے میں نیویارک کے اہل باشندوں کی مدد کی خاطر ریاستی سطح پر رسائی کی کوشش کا اعلان کرتی ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاست بھر میں وفاقی عوامی خدمت قرضہ معافی پروگرام تک رسائی کو وسعت دینے اور آسان بنانے کے لیے قانون سازی پر دستخط کیے ہیں۔ یہ نئی قانون سازی PSLF تک رسائی کے مقاصد کے لیے کل وقتی ملازمت کے طور پر اہل ہونے کے بارے میں یکسانیت پیدا کرتی ہے اور عوامی خدمت کے آجروں کو کارکنوں کی جانب سے ملازمت کی تصدیق کرنے کی اجازت دیتی ہے، ساتھ PSLF کے لیے درخواست دینے اور اس تک رسائی میں کافی حد تک رکاوٹوں کو ختم کرتی ہے۔

"اگر آپ اپنے دن نیویارک کے لوگوں کے لیے کام کرتے ہوئے گزارتے ہیں، تو آپ کو اپنی راتیں اس فکر میں نہیں گزارنی چاہئیں کہ ہمیں کس طرح واپس ادائیگی کی جائے۔ یہ قانون نیویارک کی افرادی قوت کے لاتعداد ارکان کے لیے وفاقی قرض کی معافی کی راہیں کھولتے ہوئے، ہمارے سرکاری ملازمین، اولین امدادی کارکنان، ماہرین تعلیم اور مزید لوگوں کی اہم شراکتوں کا اعتراف کرتا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "عالمی وبا کے دوران ہماری رہنمائی کرنے والے کارکنوں سے لے کر نیویارک کو متحرک رکھنے والے روزمرہ کے ہیروز تک، سرکاری شعبے اور غیر منافع بخش کارکنان - کسی سر درد، تاخیروں یا الجھن کے بغیر، اس رعایت سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کے مستحق ہیں۔ مجھے اس قانون سازی پر دستخط کرتے ہوئے فخر ہو رہا ہے جو اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ وفاقی قرض معافی تک رسائی حاصل کرنے کے لیے سرکاری ملازمین کو وضاحت اور حمایت حاصل ہے، اور میں اس بل کے بارے غور و فکر کرنے پر مجلس قانون ساز میں اپنے شراکت داروں کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔"

PSLF ایک وفاقی پروگرام ہے جو قرض لینے والوں کے وفاقی طالب علم قرضوں کے ایک حصے کو منسوخ کر کے عوامی خدمت کے کام کو معاوضے اور ترغیبات دیتا ہے۔ پروگرام کے تحت قرض لینے والوں سے درکار ہوتا ہے کہ وہ ایک اہل عوامی خدمت آجر کے کل وقتی ملازم ہوں اور وہ اپنے طالب علم قرض کے لیے اہلیت دینے والی 120 ادائیگیاں کریں، جس کے بعد ان کا بقایا وفاقی طالب علم قرض معاف کر دیا جاتا ہے۔ اس پروگرام کے تحت معاف کیے گئے طالب علم قرضے پر نیویارک ریاستی ٹیکس قانون (New York State tax law) کے تحت ٹیکس نہیں لگے گا۔

فی الحال، نیویارک میں تقریباً 2.7 ملین لوگ عوامی یا غیر منافع بخش شعبوں میں کام کرتے ہیں۔ 2007 کے بعد سے، PSLF کے انقلابی پروگرام نے عوامی خدمت کے اہل کارکنوں کو اوسطاً $61,402 قرضے میں چھوٹ حاصل کرنے میں مدد کی ہے - جس میں سرکاری ملازمین کو رہن، کار کے لیے ماہانہ ادائیگیوں، سودا سلف اور گیس جیسی بنیادی ضروریات پر خرچ کرنے کا موقع فراہم کرنا شامل ہے۔

قانون سازی (PSLF (S.8389-C/A.9523-B تک رسائی کے لیے عمدگی سے تحریر شدہ کئی رکاوٹوں کو حل کرتی ہے:

- کلیدی اصطلاحات کی قانونی تعریفوں کی وضاحت کرنا جیسے کہ، "ملازمت کی تصدیق کرنا،" "ملازم،" "کل وقتی،" "عوامی خدمت کا آجر،" "عوامی خدمت قرض معافی کا فارم،" اور "عوامی خدمت قرض معافی پروگرام؛"
- PSLF تک رسائی کے مقاصد کی خاطر کل وقتی ملازمت کے لیے فی ہفتہ تیس (30) گھنٹے کی معیاری گھنٹہ وار حد مقرر کرنا اور انتظامی عملے اور اساتذہ کے لیے اس طرح کے حساب کتاب میں شامل کیے جانے والے تیاری کے مروجہ وقت کو واضح کرنا؛ اور
- افراد یا ملازمین کے گروپس کی جانب سے عوامی خدمت کے آجروں کو براہ راست امریکی محکمہ تعلیم (U.S. Department of Education) کے ساتھ ملازمت کی تصدیق کرنے کی اجازت دینا۔

6 اکتوبر 2021 کو، محکمۂ تعلیم نے PSLF پروگرام میں محدود وقتی تبدیلیوں کا اعلان کیا تھا تاکہ اہل قرض خواہان کے لیے اپنی وفاقی قرضوں کی معافی ("PSLF رعایت") کو مزید آسان بنایا جائے۔ PSLF رعایت قرض لینے والوں کو تمام وفاقی قرض کے پروگراموں یا معافی کے لیے دوبارہ ادائیگی کے منصوبوں پر کی گئی ادائیگیوں کو شمار کرنے کی اجازت دیتی ہے، جن میں قرض کی وہ اقسام اور ادائیگی کے وہ منصوبے شامل ہیں جو پہلے اہل نہیں تھے۔ حکومت میں یا غیر منافع بخش - عوامی خدمت میں کام کرنے والے نیویارک کے باشندے، جن کے طالب علم قرض بقایا ہوں، وہ PSLF رعایت کے تحت معافی کے اہل ہو سکتے ہیں چاہے انہیں پہلے انکار کر دیا گیا ہو۔ قرض خواہان صرف 31 اکتوبر 2022 تک PSLF رعایت کا فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

ریاستی سینیٹر Kevin Thomas نے کہا، "میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے میرے بل پر دستخط کیے جو نیویارک کے اہل باشندگان کو وفاقی عوامی خدمت کے قرض معافی پروگرام کے لیے درخواست دینے کی جانب راغب کرے گا۔ ہم نے عوامی خدمت کی غرض سے بےلوث ہو کر کیریئر کا انتخاب کرنے والے لوگوں کے لیے آسانیاں پیدا کرنے کی خاطر، بیوروکریٹک رکاوٹوں کو دور کر دیا ہے تاکہ وہ اکتوبر میں محدود PSLF رعایت پروگرام کے ختم ہونے سے پہلے ریلیف کے لیے درخواست دیں۔ مجھے اس قانون سازی کی قیادت کرنے پر فخر ہے جو ہمارے اساتذہ، سابق فوجیوں، اولین امدادی کارکنان اور دیگر سرکاری ملازمین کے لیے طالب علم قرض میں ریلیف کو مزید قابل رسائی بناتی ہے۔ میں اہل قرض خواہان سے درخواست کرتا ہوں کہ اس پروگرام سے فائدہ اٹھائیں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ انہیں قرض کی وہ معافی ملے جو انھوں نے بجا طور پر حاصل کی ہے۔"

رکن اسمبلی Harvey Epstein نے کہا، "نیویارک میں پچاس لاکھ سے زیادہ سرکاری ملازمین طالب علم قرض کے سبب مقروض ہیں۔ عوامی خدمت کے قرضہ معافی (PSLF) پروگرام کے ذریعے صرف 10,000 کے قرضے منسوخ ہوئے ہیں—ہم اس تعداد کو نمایاں طور پر بڑھانے کے لیے کام کر رہے ہیں۔ ایسے قرض خواہوں کو دوبارہ ادائیگی کے سابقہ ادوار کے لیے کریڈٹ وصول کرنے کی اجازت دینے کی خاطر کہ جو بصورت دیگر PSLF کے لیے اہل نہ ہوں، ایک محدود رعایت 31 اکتوبر 2022 تک مؤثر ہو گی۔ یہ قانون سازی نیویارک کے باشندوں کے لیے رعایت، اور عمومی طور پر PSLF سے فائدہ اٹھانے کے مواقع کو زیادہ سے زیادہ کرتی ہے۔ اساتذہ کے کلاس کے اوقات پر کوئی اضافہ لاگو کرنے سے تاکہ کلاس سے باہر کام کیے گئے گھنٹے زیادہ درست طریقے سے ظاہر ہوں، اس بات کو یقینی بنانے تک کہ ایجنسیاں کارکنوں کی جانب سے کاغذی کارروائی کو وفاقی حکومت تک منتقل کر سکتی ہیں، ہماری قانون سازی نیویارک کے مزید باشندوں کو تیزی سے اپنے قرضے معاف کروانے میں مدد دے گی۔ میں طالب علم قرض خواہوں کے لیے اپنا کام جاری رکھنے کے لیے گورنر Hochul کے ساتھ مسلسل شراکت داری کا منتظر ہوں اور اس کو انجام دینے کے لیے اپنی پُرعزم کوششوں پر میں سینیٹر Thomas، طالب علم قرض خواہ پروٹیکشن سینٹر، اور مزدور رہنماؤں کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔"

گورنر Hochul نے نیویارک کے شہریوں کو PSLF رعایت کے بارے میں مطلع کرنے اور PSLF رعایت کی مدت ختم ہونے سے پہلے قرض معافی کے لیے درخواست دینے کے لیے اہل کارکنوں کی حوصلہ افزائی کے لیے ریاست گیر کوشش کا بھی اعلان کیا ہے۔ محکمہ مالیاتی خدمات (DFS) نے 8,500 سے زیادہ عوامی اور غیر منافع بخش آجروں کی نمائندگی کرنے والی تنظیموں سے یہ معاہدے کیے ہیں کہ وہ آنے والے ہفتوں میں اپنی افرادی قوت میں معلومات تقسیم کریں گے اور رعایت ختم ہونے سے پہلے PSLF پروگرام میں درخواست دینے میں ان کی مدد کریں گے۔ رسائی حاصل کرنے والے اس سلسلے میں شامل ہونے والے گروپس میں یونائیٹڈ فیڈریشن آف ٹیچرز، ہیومن سروسز کاؤنسل، نان پرافٹ نیویارک، نیویارک کاؤنسل آف نان پرافٹس، نیویارک کانفرنس آف میئرز، اور NYS ایسوسی ایشن آف کاؤنٹیز شامل ہیں۔ آنے والے ہفتوں میں DFS ریاست بھر میں PSLF ورکشاپس بھی پیش کرے گا۔ یہ کوششیں طالب علم قرضے لینے والے قرض خواہوں کی مدد کے لیے نیویارک کے عزم پر مبنی ہیں۔

اگست میں، طالب علم قرضہ دینے والوں کے DFS امتحانات میں شناخت شدہ رجحانات کی بنیاد پر، محکمے نے PSLF پروگرام کے بارے میں قرض خواہوں کو مطلع کرنے کے لیے توقعات اور پیروی کرنے کے بہترین طریقوں کا خاکہ پیش کرتے ہوئے ملک میں پہلی مرتبہ ایک رہنمائی جاری کی ہے۔ نیویارک کے شہری مزید جاننے کے لیے dfs.ny.gov پر جا سکتے ہیں۔

وفاقی طالب علم امداد کے چیف Richard Cordray نے کہا، "عوامی خدمات کے ملازمین امپائر سٹیٹ بھر کی کمیونٹیز میں ایک بامعنی تبدیلی لا رہے ہیں۔ گورنر Hochul کے آج کے اقدامات سے نیویارک کے عوامی خدمت کے کارکنان کو طالب علم قرض میں ریلیف حاصل کرنے میں مدد ملے گی جس کے وہ مستحق ہیں۔"

محکمہ برائے مالیاتی خدمات (Department of Financial Services) کی سپرنٹنڈنٹ Adrienne A. Harris نے کہا، "محکمہ برائے مالیاتی خدمات ریاست بھر میں قرض لینے والوں اور خاندانوں کی حفاظت اور انہیں بااختیار بنانے کے لیے پُرعزم ہے۔ ہمارے ملازمین، PSLF پروگرام سمیت سوالات کے جوابات دے کر اور طالب علموں کے قرضوں کے بارے میں شکایات کا ازالہ کر کے نیویارک کے شہریوں کی مدد کرنے کے لیے کوشاں ہیں۔"

سینیٹر Chuck Schumer نے کہا، "بہت طویل عرصے سے طالب علم قرض نوجوانوں اور خاندانوں پر ایک بوجھ بنا ہوا ہے، جو انہیں زندگی کے تقریباً ہر پہلو میں پست کر رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ لاکھوں امریکیوں کو وہ ریلیف دینے کی خاطر صدر Biden کو قائل کرنے کے لیے میں نے برسوں تک لگاتار جدوجہد کی، جس کی انہیں اپنی پوری صلاحیت کا ادراک کرنے اور ہماری معیشت کو بڑھتے رکھنے کی خاطر ضرورت ہے۔ اس اقدام کے مثبت اثرات پورے نیویارک اور پوری قوم میں محسوس کیے جائیں گے، خاص طور پر اقلیتی برادریوں میں، کہ جس میں کم از کم $16 بلین امپائر سٹیٹ میں کام کرنے والے خاندانوں تک واپس پہنچا دیے جائیں گے۔ آج گورنر Hochul کے دلیرانہ اقدام سے اس بات کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی کہ نیویارک کا ہر اہل باشندہ اس اہم وفاقی ریلیف تک رسائی حاصل کر سکے اور اس بوجھ کو ہٹانے، تعمیر نو میں متوسط طبقے کی مدد کرنے، اور لوگوں کو قرض سے پاک وہ مستقبل دینے کے لیے، جس کے وہ حقدار ہیں، عوامی خدمت کے قرض معافی پروگراموں سے فائدہ اٹھا سکے۔"

نمائندہ Adriano Espaillat نے کہا، "اساتذہ، فائر فائٹرز، اور قانون نافذ کرنے والے افسران ہماری روزمرہ کی زندگی کے لیے اہم ضروری خدمات فراہم کرتے ہیں۔ ہم نے سرکاری ملازمین کے لیے طالب علم قرض کے ادھار کو محفوظ بنانے میں زبردست پیش رفت کی ہے، اور میں آج کے اعلان پر گورنر Hochul کو سراہتا ہوں تاکہ وفاقی عوامی خدمت قرضہ معافی پروگرام کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کی ہماری کوششوں کو مضبوط بنانے میں مدد ملے اور طالب علم قرض معافی اور منسوخی کو ریاستی ٹیکسوں سے مستثنیٰ قرار دیا جائے۔ یہ قانون سازی عوامی خدمت کے کارکنوں کے قرضوں کے بوجھ کو ہلکا کر دے گا اور اس قرض کی دوبارہ ادائیگی کی جانب کافی آسانی پیدا کرے گا جو عوامی خدمت میں مردوں اور عورتوں کے ضمن میں ہمارے اوپر اجتماعی طور پر واجب الادا ہے۔"

نمائندہ Jamaal Bowman نے کہا، "طالب علم قرض ایک قومی بحران ہے، اور میں شکر گزار ہوں کہ گورنر Hochul نے اب ایک قانون سازی پر دستخط کیے ہیں تاکہ طالب علم کے قرضوں کے بوجھ تلے دبے افراد کو ریلیف فراہم کرنے میں مدد ملے۔ نیویارک کی قانون سازی، عوامی خدمت قرض معافی پروگرام (PSLF) کے عمل کو ہموار کرنے میں مدد کرے گی، اس طرح عوامی خدمت کے اہل کارکنوں کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور ہوں گی۔ عوامی خدمت کے شعبوں میں نیویارک کے باشندوں سمیت، تعلیمی ماہرین کی ایک بڑی تعداد، مستفید ہو گی، جو بھرتی اور برقراری دونوں کو جاری رکھنے کے لیے انتہائی اہم ہے۔ طالب علم قرض سے آزاد ہونے کے لیے ٹھوس راستہ فراہم کرنا ہمارے عوامی خدمت کے کارکنان کی مدد کے لیے انتہائی اہم ہے جنہیں گھر خریدنے یا خاندان شروع کرنے جیسے زندگی کے اکثر اہم فیصلے مؤخر کرنے پڑتے ہیں۔ یہ قانون سازی درست سمت میں ایک اہم قدم ہے۔"

پیشہ ورانہ عملے کی کانگریس کے صدر James Davis نے کہا، "میں گورنر Hochul، اکثریتی لیڈر Stewart-Cousins، سپیکر Heastie، سینیٹر Kevin Thomas، رکنِ اسمبلی Harvey Epstein اور تمام قانون سازوں کا ان کارفرمائیوں کو تسلیم کرنے پر شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جو منسلک فیکلٹی نے، اعلیٰ تعلیمی افرادی قوت اور عوامی خدمت قرض معافی پروگرام میں اعلیٰ تعلیم یافتہ کارکنوں کو ترجیح دینے کے سلسلے میں ادا کیا ہے۔ ہماری کلاسوں کی اکثریت کے عملے، ملحقہ افراد کا کام ہمارے دو درجی تعلیمی لیبر سسٹم میں اکثر نظر انداز رہ جاتا ہے۔ بہت سے ملحقہ افراد کل وقتی کے برابر کام کرتے ہیں لیکن ان کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے کیونکہ ان کے صرف کلاس روم کے اوقات شمار کیے جاتے ہیں۔ یہ قانون سازی اس بات کو تبدیل کرتی ہے اور طالب علم قرض کے ایسے بحران کو حل کرنے کے لیے ایک بڑا قدم ہے جو نیویارک کے بہت سے باشندوں کو اپنی بہترین زندگی گزارنے سے روکتا ہے۔"

یونائیٹڈ یونیورسٹی پیشہ جات کے صدر Dr. Fred Kowal نے کہا، "ہم بے حد خوش اور پُرجوش ہیں کہ گورنر Hochul اس اہم بل پر دستخط کریں گی، جس سے ہزاروں ریاستی سرکاری ملازمین جو طالب علم کے قرض کے ساتھ جدوجہد کر رہے ہیں، جو وفاقی عوامی خدمت کے قرض معافی پروگرام کے ذریعے اس میں سے کچھ کو یا تمام کو معاف کروانے میں مدد کریں گے۔ بل کے اسپانسرز سینیٹر Kevin Thomas اور رکنِ اسمبلی Harvey Epstein کا بھی بہت شکریہ۔ UUP، سیشن کے دوران اس بل کا ایک سرکردہ حامی تھا کیونکہ یہ PSLF کی اہلیت میں توسیع کرتا ہے، جس سے SUNY سے ملحقہ بہت سے افراد اہل بن جاتے ہیں جنہیں پہلے پروگرام سے خارج کر دیا گیا تھا۔ UUP کے تقریباً 40% ممبران ملحقین ہیں۔ SUNY کے لیے آپ کی بھرپور حمایت کے لیے گورنر، آپ کا شکریہ۔ یہ ہمارے اراکین کے ساتھ ساتھ ریاست بھر کے سرکاری ملازمین کے لیے ایک بہت بڑی جیت ہے۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418